آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس میں ضلع جہلم سے ایک بڑے قافلے کی شرکت

مورخہ 9,8 مارچ بروز جمعرات، جمعہ مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے زیر اہتمام 24 ویں فقید المثال آل پاکستان اہل حدیث کانفرنس حضرۃ الامیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر کی زیر صدارت منعقد ہوئی اور نہایت شاندار کامیابی سے بخیر و بخوبی اختتام کو پہنچی اس تاریخ ساز اجتماع نے لاہور کے سابق ریکارڈ توڑ دیئے۔ توحید کے شیدائیوں اور کتاب وسنت کے فدائیوں نے کانفرنس کی کامیابی کیلئے اپنی ذمہ داریاں پورے جوش و جذبہ اور اخلاص کے ساتھ انجام دیں۔ کئی ایکڑ پر مشتمل پنڈال میں تاحدِ نظر اہل حدیث کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر تھا جو کہ کتاب وسنت کے سچے اور سُچے مسلک اور نفاذِ اسلام کے نصب العین سے گہری وابستگی کا جیتا جاگتا ثبوت تھا۔ مقررین نے کانفرنس میں اتحاد امت، استحکام پاکستان، تحفظ عقیدہ ختمِ نبوت، دفاع حرمین شریفین، دعوت توحید وسنت، نفاذِ اسلام، ردقادیانیت، تحفظ ناموس رسالت، کتاب وسنت کی بالادستی کے علاوہ کئی اہم عنوانات کو موضوع سخن بنایا۔ امام کعبہ فضیلۃ الشیخ صالح بن محمد آل طالب نے اپنے خطاب میں اتحادامت پر بڑا زور دیا۔

یہ حقیقت ہے کہ سعودی عرب، پاکستان کا برادر ملک ہے۔ حکومت اور سعودی عوام کا پاکستان اور اس کے عوام کے ساتھ اخلاص ومحبت اور دینی وروحانی رشتہ ہے۔ جو وقت کے ساتھ ساتھ مضبوط ہو رہا ہے۔ اسی لیے حکومت سعودی عرب نے ہر مشکل وقت میں پاکستان سے بھرپور تعاون کیا۔ سعودی عرب کی اعلیٰ شخصیات اور عوام، پاکستان کو اپنا دوسرا گھر سمجھتے ہیں۔ شرکاء کانفرنس نے یہ عہد کیا کہ تحفظ حرمین شریفین کیلئے کسی جانی و مالی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ حکومت سعودیہ نے جب بھی کال دی، اہل توحید کو تیار پائے گی۔

جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر اور مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق کی قیادت میں ضلع کی چاروں تحصیلوں جہلم، دینہ، سوہاوہ اور پنڈ دادنخان سے ایک بہت بڑے قافلے کی صورت میں لوگوں نے شرکت کی جبکہ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) اور حافظ عمر عبدالحمید (فاضل مدینہ یونیورسٹی) کی قیادت میں اہل حدیث یوتھ فورس اور اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن کی ایک ٹیم کانفرنس کے انتظامات اور سیکورٹی کیلئے پہنچی جنہوں نے اسٹیج پر بڑی جانفشانی سے اپنے فرائض سرانجام دیئے۔

تقریب تکمیل حفظِ قرآن کریم اور حفاظ کرام کی دستار بندی

جامعہ کے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم کے درجہ اول کے سات خوش نصیب طلبہ حنظلہ آصف، شیخ رستم روحیل، سمیع اللہ، عبدالوہاب، اسد اللہ، حنظلہ مناظر اور عبداللہ اکرم کے تکمیل حفظ قرآن کے بابرکت موقع پر عظیم الشان تقریب کا انعقاد ہوا۔ جس میں نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) اور شیخ الحدیث